DAY — 13 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | II | 28 | 1500 | **J-350** | (U)

BOOK KEEPING & ACCOUNTANCY (50)

Time : 3 Hrs. **(12 Pages)** **Max. Marks : 80**

سوال نمبر ا :- تمام معروضی (Objective) سوالات لازمی ہیں۔ **[20]**

(الف) ذیل میں دئے گئے ممکنہ متبادل میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور جملے دوبارہ لکھئے۔ (5)

(۱) ..... یہ ایک غیر محسوس (intangible) اثاثہ ہے۔

(a) ناموری (Goodwill) (b) ذخیرہ

(c) نقد (d) فرنیچر

(۲) غیر منافع بخش تنظیم کے کھاتے میں خرچ سے زیادہ آمدنی کو ..... کہا جاتا ہے۔

(a) خسارہ (Deficit) (b) منافع

(c) اضافہ (Surplus) (d) نقصان

(۳) اثاثوں کی قیمت میں کمی نفع نقصان ترمیم کھاتے کو ..... ہونی چاہئے۔

(a) نامے (Debited) (b) جمع (Credited)

(c) شامل (Added) (d) برابر (Equal)

(۴) تحلیل کے اخراجات ..... کھاتے میں جمع (credit) کیے جاتے ہیں۔

(a) حصولیابی (Realisation) (b) نقد/ بینک

(c) سرمایہ (d) قرض

(۵) نوٹری پبلک ..... ہے۔

(a) گورنمنٹ آفیسر (b) ترتیب کنندہ (Drawer)

(c) وصول کنندہ (Payee) (d) تصدیق کنندہ (Endorsee)

(ب) جملے مکمل کیجئے۔ (5)

(۱) تجارتی کھاتہ ..... اخراجات کی بنیاد پر تیار کیا جاتا ہے۔

(۲) آمدنی اور خرچ کھاتہ ..... کھاتہ ہے۔

(۳) مقتول شریک (deceased partner) کے وارث (executor) کے کھاتے کو تختہ واصل بقایا میں ..... جانب دکھایا جاتا ہے۔

(۴) فسکڈ ڈپازٹ کھاتہ ..... گروپ کے تحت آتا ہے۔

(۵) اگر شریک کے ذریعہ اثاثہ لیا جائے تو ..... کھاتہ نامے (debited) ہوگا۔

(ج) مختلف کو تلاش کریں (Find the odd one) (5)

(۱) اجرت کھاتہ، تنخواہ کھاتہ، رائلٹی کھاتہ (royalty A/c)، امپورٹ ڈیوٹی کھاتہ (import duty A/c)

(۲) مشینری کھاتہ، فرنیچر کھاتہ، کمپیوٹر کھاتہ، کرایہ کھاتہ۔

(۳) عام ریزرو (General Reserve) کھاتہ، قرض خواہ کھاتہ، مشینری کھاتہ، سرمایہ کھاتہ۔

(۴) نوٹری پبلک، ترتیب کنندہ (Drawer)، مرتب الیہ (Drawee)، وصول کنندہ (Payee)

(۵) طے شدہ قیمت پر (At par)، بڑھوتری پر (At premium)، چھوٹ پر (At discount)، قرض پر (At loan)۔

(د) کیا آپ درج ذیل بیانات سے متفق ہیں یا نہیں۔ (5)

(۱) شراکت داری فرم ایک تجارتی ادارہ (concern) ہے۔

(۲) غیر منافع بخش تنظیم کا مقصد منافع کمانا نہیں ہوتا ہے۔

(۳) سبکدوش ہونے والے شریک کو باہر جانے والا (outgoing) شریک کہا جاتا ہے۔

(۴) فائدہ تناسب (gain ratio) کا حساب (calculated) نئے شریک کے داخلے کے وقت لگایا جاتا ہے۔

(۵) مالیاتی بیان (financial statement) میں صرف تختہ واصل بقایا شامل ہوتا ہے۔

سوال نمبر۲:- مسٹر دیپک (Deepak) اور مسٹر ابھیشیک (Abhishek) ایک فرم میں شریک ہیں جو نفع ونقصان 3:1 کے تناسب سے تقسیم کرتے ہیں۔ **[10]**

ان کا 31 مارچ 2019ء کا تختہ واصل بقایا مندرجہ ذیل ہے۔

تختہ واصل بقایا 31 مارچ 2019 کا

قرضاجات	رقم ₹	اثاثے	رقم ₹
سرمایہ کھاتے :		زمین وعمارت	32,000
دیپک (Deepak)	1,20,000	پلانٹ اور مشینری	60,000
ابھیشیک (Abhishek)	40,000	فرنیچر	22,000
عام ریزرو	16,000	ذخیرہ	40,000
(General reserve)		متفرق قرض داران	64,000
متفرق قرض خواہ	80,000	نقد	80,000
بینک اوور ڈرافٹ	42,000		
	2,98,000		**2,98,000**

انھوں نے یکم اپریل 2019ء کو ادیناتھ (Adinath) کو شریک کے طور پر مندرجہ ذیل شرائط پر تجارت میں شریک کیا۔

(۱) اسے مستقبل میں 1/5 منافع کے لئے ₹ 40,000 سرمائے کے اور اس کے حصّہ کی ناموری کے ₹ 20,000 لانا ہوں گے۔

(۲) فرنیچر پر 20% فرسودگی عائد کی جائے۔

(۳) ذخیرہ کو 10% سے بڑھانا ہے۔

(۴) عمارت کو 5% سے بڑھانا ہے۔

(۵) متفرق قرض داران پر 5% مشکوک قرض عائد کیجئے۔

(۶) شرکاء کے سرمایہ کھاتے ان کے نئے منافع کے تناسب میں رکھنا ہے۔ جو نقد کھاتے سے ہوگا۔

تیار کیجئے :

(a) نفع ونقصان ترمیم کھاتہ۔

(b) شرکاء کے سرمایہ کھاتے۔

(c) نئی تجارت کا تختہ واصل بقایا۔

یا

مندرجہ ذیل تختہ واصل بقایا آدتیہ (Aditya) اجنکیہ (Ajinkya) اور ارون (Arun) کا ہے جو ایک فرم میں شریک ہیں وہ 5:3:2 کے تناسب سے نفع نقصان تقسیم کرتے ہیں۔

تختہ واصل بقایا 31 مارچ 2020 کا

قرضاجات	رقم ₹	اثاثے	رقم (₹)
قرض خواہ	10,450	نقد	3,800

محفوظ فنڈ	7,500	قرض داران	9,000
سرمایہ کھاتے:		ذخیرہ	8,750
آدتیہ (Aditya)	21,000	مشینری	50,000
اجنکیہ (Ajinkya)	18,500	فرنیچر	2,500
ارون (Arun)	16,600		
	74,050		**74,050**

یکم اپریل 2020 کو ارون (Arun) مندرجہ ذیل شرائط پر تجارت سے سبکدوش ہوگیا۔

(۱) فرم کی ناموری کتب میں ₹ 10,000 سے کھولی (Raised) کیا جائے۔

(۲) ذخیرہ کو 10%، فرنیچر کو 5% اور مشینری کو 10% سے کم کرنا ہے۔

(۳) قرض داران پر 5% مشکوک قرضوں کے لئے محفوظ رکھنا ہے۔

(۴) قرض خواہوں میں سے ₹ 100 کم کرنا ہے۔ (Written off)

(۵) ارون کو ادا کی جانے والی رقم اس کے قرض کھاتہ کو منتقل کی جائے۔

تیار کیجئے:

(a) نفع ونقصان ترمیم کھاتہ۔

(b) شرکاء کے سرمایہ کھاتے۔

(c) نئی فرم کا تختہ واصل بقایا۔

سوال نمبر۳:۔ شرمیلا، اُرمیلا اور لیلا 'جیون اسٹور' فرم میں شراکت دار ہیں۔ جو نفع ونقصان بالترتیب 2:2:1 کے تناسب سے تقسیم کرتے ہیں۔ 31 مارچ 2020 کو انھوں نے فرم تحلیل کرنے کا فیصلہ کیا تب ان کا تختہ واصل بقایا مندرجہ ذیل تھا۔ **[10]**

31 مارچ 2020 کا تختہ واصل بقایا

قرضاجات	رقم (₹)	اثاثے (Assets)	رقم (₹)
سرمایہ کھاتے :		ناموری	45,600
شرمیلا (Sharmila)	2,27,160	مشینری	73,000
اُرمیلا (Urmila)	1,44,000	موٹر کار	1,67,600
لِیلا (Leela)	1,08,000	عمارت	1,02,000
قرض خواہ	28,800	رأس المال	62,400
ادا طلب ہنڈیاں	21,600	قرض داران	30,600
		ذخیرہ	45,000
		بینک	3360
	5,29,560		**5,29,560**

اوپر دی گئی تاریخ پر فرم تحلیل ہوگئی اور اثاثوں سے مندرجہ ذیل رقم کی حصولیابی ہوئی۔

(۱) شرمیلا عمارت ₹ 1,23,600 میں لینے پر راضی ہوئی

(۲) اُرمیلا نے ناموری، ذخیرہ اور قرض داران کتب قیمت پر لیا اور وہ قرض خواہ اور ادا طلب ہنڈیاں کی رقم ادا کرنے پر راضی ہوئی۔

(۳) موٹر کار اور مشینری سے بالترتیب ₹ 1,51,080 اور ₹ 31,680 حصولیابی ہوئی۔

(۴) رأس المال لیلا (Leela) نے ₹ 55,440 میں لیا۔

(۵) تحلیل کا خرچہ ₹ 6,800 آیا۔

تیار کیجئے۔

(a) حصولیابی کھاتہ (Realisation A/c)

(b) شرکاء کا سرمایہ کھاتہ۔

(c) بینک کھاتہ۔

یا

کانیکا (Kanika) مانسی (Mansi) کی ₹ 26,000 کی قرض دار تھی۔ مانسی (Mansi) نے کانیکا (Kanika) پر ₹ 21,000 کی تین ماہ مدّت کے لیے ہنڈی ترتیب دی۔اور بقایا رقم ₹ 5,000 کراس چیک کے ذریعے حاصل ہوئی۔ ہنڈی قبول کی گئی اور مانسی (Mansi) کو واپس بھجوائی گئی۔

اسی دن مانسی (Mansi) نے کانیکا (Kanika) کی منظورشدہ ہنڈی بنساری (Bansari) کو منتقل (Endorse) کی۔ واجب الادا تاریخ پر بنساری (Bansari) نے مانسی (Mansi) کو اطلاع دی کہ کانیکا (Kanika) نے ہنڈی مسترد (Dishonour) کردی اور اس پر ₹ 280 مصدقی خرچ ادا کیا گیا۔

مانسی (Mansi) نے کانیکا (Kanika) پر ایک ماہ مدّت کے لئے مصدّقی خرچ اور سود کے ₹ 650 ساتھ نئی ہنڈی ترتیب دی۔ واجب الادا دتاریخ پر کانیکا نے ہنڈی کی ادائیگی چیک کے ذریعے کی۔

تیار کیجئے۔

(1) مانسی (Mansi) کے کتب میں تجارتی اندراجات۔

(2) کانیکا (Kanika) کی کتب میں مانسی (Mansi) کا کھاتہ۔

سوال نمبر۴ :- پری مل کمپنی لمیٹیڈ (Parimal Company Ltd) نے فی حصص ₹ 20 کے حساب سے ₹ 1,00,000 ترجیحی حصص فروخت کے لئے نکالے۔ حصص پر مندرجہ ذیل رقم ادا کرنی تھی۔ **[8]**

درخواست پر (On application)	₹ 8
نامزدگی پر (On allotment)	₹ 6
پہلا ہفتہ پر (On first call)	₹ 4
آخری ہفتہ پر (On final call)	₹ 2

کمپنی کو تمام حصص کے لئے درخواست وصول ہوئے اور سبھی رقم وصول ہوئی۔ پری مل کمپنی لمیٹیڈ کی کتب میں تجارتی اندراج کیجئے۔

یا

کمپیوٹرائزڈ اکاؤنٹنگ طریقہ (Computerised Accounting system) کی اہمیت (importance) بیان کیجئے۔

سوال نمبر۵ :- مہیندر (Mahendra)، سُریندر (Surendra) اور نریندر (Narendra) بالترتیب 5:3:2 کے تناسب میں نفع ونقصان تقسیم کرتے ہیں۔ **[8]**

31 مارچ 2019ء کا ان کا تختہ واصل بقایا مندرجہ ذیل تھا۔

تختہ واصل بقایا 31 مارچ 2019 کا

قرضاجات	رقم (₹)	اثاثے	رقم (₹)
سرمایہ کھاتے :		ذخیرہ	17,000
مہیندر (Mahendra)	23,000	فرنیچر	18,000
سریندر (Surendra)	15,000	زمین وعمارت	16,000
نریندر (Narendra)	12,000	بینک	37,000
واجب الادا ہنڈیاں	2,000		
قرض خواہ	8,000		
بینک سے قرض	12,000		
عام ریزرو	16,000		
	88,000		**88,000**

30 جون 2019ء کو نریندر (Narendra) کا انتقال ہوگیا اور مندرجہ ذیل ترمیمات پر ڈیڈ (Deed) کے مطابق اتفاق کیا گیا۔

(ا) ذخیرہ، فرنیچر اور زمین وعمارت کی ازسرنو قیمت (revalued) بالترتیب ₹ 16,700 ₹ 16,200 اور ₹ 30,100 طے کی گئی۔

(۲) نریندر (Narendra) کے حصّہ کی ناموری کی قیمت فرم کے ناموری سے طے کرنی ہے جس کی قیمت گزشتہ چار سال کے اوسط منافع کے تین گنا (3 times) ہوگئی۔
گزشتہ چار سال کے منافع اس طرح تھے۔

I سال - ₹ 30,000

II سال - ₹ 25,000

III سال - ₹ 25,000

IV سال - ₹ 40,000

(۳) موت تک اس کے منافع کا حساب گزشتہ سال کے منافع کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

(۴) نریندر کو ہر ماہ، ₹ 1200 تنخواہ ملتی تھی۔

(۵) سرمائے پر 10% سالانہ سود عائد کیا جائے۔

(۶) نریندر کی موت کی تاریخ تک اس کے ذاتی مصرف (Drawings) کی رقم ہر ماہ ₹ 900 تھی۔

تیار کیجئے :

(A) نریندر کا سرمایہ کھاتہ جس میں اس کے وارث کو ادا کرنے والی رقم دکھائی جائے۔

(B) ورکنگ نوٹ تیار کیجئے۔

(i) نریندر کا ناموری میں حصّہ۔

(ii) نریندر کو ادا کیا جانے والا منافع کا حصّہ۔

یا

(A) مندرجہ ذیل معلومات جاری تناسب (Current ratio) معلوم کیجئے۔ (4)

(i) کل اثاثے - ₹ 22,000

(ii) طے شدہ اثاثے (Fixed Assets) - ₹ 10,000

(iii) کل سرمایہ (Capital employed) - ₹ 20,000

(B) مندرجہ ذیل معلومات (Data) کی مدد سے خالص منافع کا تناسب (4)
(Net profit ratio) معلوم کیجئے۔

(i) فروخت - ₹ 76,000

(ii) فروخت کی لاگت قیمت - ₹ 52,000
(Cost of goods sold)

(iii) بالواسطہ اخراجات - ₹ 12,000
(Indirect expenses)

سوال نمبر ۶ :- مندرجہ ذیل یکم اپریل 2019ء کا تختہ واصل بقایا ''بھانو بائی مہیلا سیوا کیندر'' **[12]**
(Bhanubai Mahila Seva Kendra) کا ہے اور 31 مارچ 2020 کو ختم ہونے والے سال کا وصولی اور ادائیگی کھاتہ دیا گیا ہے۔

تختہ واصل بقایا یکم اپریل 2019 کے مطابق

قرضاجات	رقم (₹)	اثاثے	رقم (₹)
سرمایہ فنڈ	40,000	مشینری	10,000
بقایا اخراجات		فرنیچر	20,000
مزدوری	8,000	حکومتی بانڈس	6,500
بجلی خرچ	7,000	(Government Bonds)	
(Electricity)		بقایا چندہ	8,500
اسٹیشنری	1,000	بینک میں نقد	10,000
		ہاتھ میں نقد	1,000
	56,000		**56,000**

وصولیابی اور ادائیگی کھاتہ

31 مارچ 2020ء کو ختم ہونے والے سال کا

وصولی (Receipt)	رقم (₹)	ادائیگی	رقم (₹)
بقایا b/d		بجلی خرچ	25,000
ہاتھ میں نقد	1,000	مزدوری	22,000
بینک میں نقد	10,000	اسٹیشنری	3,000
چندہ جات		کرایہ اور ٹیکس	11,800
2,000 - 2018-19		سفری خرچ	8,000
45,000 - 2019-20		(Travelling expenses)	
3,000 - 2020-21	50,000	بقایا c/d	
داخلہ فیس	28,000	ہاتھ میں نقد	4,000
(Entrance fees)		بینک میں نقد	20,200
دیگر وصولی	5,000		
	94,000		**94,000**

مزید معلومات (Additional Information) :

(1) مزدوری کے 450 ₹ بقایا ہیں۔

(2) داخلہ فیس کو سرمایہ فنڈ میں شامل کیا جائے۔

(3) فرنیچر پر سالانہ 10% فرسودگی لگانا ہے۔

(4) چندہ جات کے 3,000 ₹ 2019-20 کے لئے واجب الوصول ہیں۔

تیار کیجئے :

(a) 31 مارچ 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آمدنی و خرچ کھاتہ۔

(b) 31 مارچ 2020 کا تختہ واصل بقایا۔

سوال نمبر ۷:- راجن (Rajan) اور روہیت (Rohit) ایک فرم میں شریک ہیں جو نفع و نقصان میں برابر کے شریک ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل معلومات کی مدد سے 31 مارچ 2020 کو ختم ہونے والے سال کا نفع و نقصان کھاتہ اور اسی تاریخ کا تختہ واصل بقایا تیار کیجئے۔ **[12]**

کچّا چٹھا (Trial Balance) 31 مارچ 2020 کے مطابق

نامے بقایا	رقم (₹)	جمع بقایا	رقم (₹)
بیمہ	30,000	سرمایہ کھاتے	
زمین و عمارت	1,00,000	راجن (Rajan)	1,00,000
(اضافہ (Addition)		روہیت (Rohit)	1,00,000
40,000 کا یکم جولائی		10% بینک سے قرض	60,000
2019 کو)		(یکم اکتوبر 2019	
تنخواہ	10,000	کو لیا گیا)	
ایکسپورٹ ڈیوٹی	5,000	ادا طلب ہنڈیاں	19,000
سود	2,000		
فرنیچر	80,000		
قرض داران	52,000		
	2,79,000		**2,79,000**

مزید معلومات (Additional Information):

(۱) مجموعی منافع (Gross profit) 69,000 ₹ ہے۔

(۲) یکم اپریل 2019 کو بیمہ کی ادائیگی 15 ماہ کے لئے کی گئی ہے۔

(۳) زمین و عمارت پر سالانہ 10% اور فرنیچر پر 5% سالانہ فرسودگی لگانا ہے۔

(۴) قرض داران میں سے 2,000 ₹ ناقابلِ وصول قرض کے نفی کئے جانے اور 5% مشکوک و ناقابلِ وصول قرض کے لئے محفوظ کیجئے۔

(۵) اختتامی ذخیرہ کی قیمت 69,000 ₹ لگائی گئی۔

◆◆◆